ضابطہ اخلاق برائے رضاکاران

ایک Girlguiding رضاکار کے طور پر آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ بہترین گائیڈنگ کے تجربات کے ذریعے اپنی مکمل صلاحیت حاصل کرنے میں لڑکیوں اور نوجوان خواتین کی مدد کریں - لہذا یہ ضروری ہے کہ آپ اس ذمہ داری کو اچھی طرح سے سمجھتے/سمجھتی ہوں

منظور شدہ از: 30 اگست 2019
ورژن: 2
مالکانہ حقوق: کوالٹی (Quality)

آپ کا ضابطہ اخلاق برائے رضاکاران اس بات کا ایک نقشہ کھینچتا ہے کہ آپ سے ہر وقت کس چیز کی توقع کی جاتی ہے۔

یہ آپ سے Girlguiding کی توقعات ہیں کہ آپ کو Girlguiding میں دوسروں کے ساتھ مل کر کس طرح کام کرنا چاہیے، جس میں دیگر رضاکاران، عملہ، لڑکیاں اور والدین اور پارٹنر دار تنظیمات سمیت دیگر عوامی ممبران شامل ہیں۔

اس پر عمل کر کے آپ اس بات کو یقینی بنا سکیں گے/ گی کہ آپ صحیح کام کر رہے/رہی ہیں اور صحیح رویہ اختیار کر رہے/رہی ہیں۔ آپ کو یاد دلایا جائے گا کہ Girlguiding کن اصولوں کی حمایت کرتا ہے، ہمارا مشن کیا ہے، ہمارے وعدے کیا ہیں اور ہماری اقدار کیا ہیں نیز یہ کہ آپ کو دوسروں کی دیکھ بھال کرنے والا، چیلنجنگ، بااختیار بنانے والا، خوش مزاج، سب کو ساتھ لے کر چلنے والا اور متاثر کن بننا ہے۔

لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپ اس بات کو یقینی بنا پائیں گے کہ آپ ہمارے پروگرام کی فراہمی میں مدد کر رہے/رہی ہیں کیونکہ اس سے گائیڈنگ کے تجربے کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔ چاہے آپ یونٹ کے کسی عہدے پر نوجوان ممبران کے ساتھ کام کر رہے/رہی ہوں یا گائیڈنگ میں دیگر بالغ افراد کی مدد کر رہے/رہی ہوں، بہر صورت تمام رضاکار پروگرام کی اچھی فراہمی میں اپنا حصہ ڈالتے ہیں۔

یہ ضابطہ آپ کے لیے آپ کی ذمہ داریوں کو واضح کر کے آپ کی مدد کرتا ہے۔ اس کو سنجیدگی سے لیں اور بڑے فخر سے اس پر عمل کریں۔

آپ کا Girlguiding ضابطہ اخلاق برائے رضاکاران

ایک Girlguiding رضاکار کے طور پر آپ کو ہمیشہ:

- آپ کو ہمیشہ ایسے طرزِ عمل اور رویے کے ساتھ ایک اچھا رول ماڈل بننا چاہیے جو ہماری اقدار اور وعدے کے مطابق ہو۔

- آپ کو ہمیشہ برطانیہ کے تمام قابل اطلاق قوانین اور رہنمائی کی تعمیل کرنی چاہیے۔ اگر آپ کا یونٹ برطانیہ سے باہر مقیم ہے یا آپ برطانیہ سے باہر کسی سرگرمی کا حصہ ہیں، تو آپ کو اُس متعلقہ ملک کے قانون کی بھی پابندی کرنی ہوگی۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ Girlguiding کی پالیسیوں اور طریقہ کار پر عمل کرتے ہیں اور انہیں باقاعدگی سے دوبارہ پڑھتے ہیں تاکہ آپ جملہ اپ ڈیٹس سے آگاہ رہیں۔ اگر آپ کو کچھ باتوں کے بارے میں علم نہیں ہے تو اپنے مقامی کمشنر یا مشیر سے بات کریں۔
- اگر آپ ایک یونٹ کے رضاکار ہیں تو نوجوان ممبران تک Girlguiding پروگرام پہنچائیں۔ بالغ افراد کو گائیڈنگ فراہم کرنے کے لیے رضاکارانہ خدمات انجام دیتے وقت، اُنہیں Girlguiding کا ایک بہترین تجربہ مسسلسل فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے Girlguiding پروگرام کے تقاضوں کو پورا کرنے میں ان کی مدد کریں۔
- ذمہ داری اور مکمل جوابدہی کے ساتھ اپنے کردار کو انجام دیں۔
- ہماری مساوات اور تنوع کی پالیسی کے مطابق منصفانہ بنیں‌اور ہر ایک کے ساتھ عزت اور وقار کے ساتھ پیش آئیں۔

- ہماری پالیسیوں اور رہنمائی کے مطابق رازداری کا احترام کریں۔
- کھل کر اور احترام کے ساتھ بات چیت کریں، چاہے آپ آمنے سامنے گفتگو کر رہے ہوں، فون پر، تحریری طور پر یا ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے گفتگو کر رہے ہوں۔
- Girlguiding کے مشن اور اقدار کو فروغ دینے کے لیے Girlguiding کے ممبران، ان کے والدین یا کیئررز اور عوام کے ممبران کے ساتھ مل کر کام کریں۔

ایک Girlguiding رضاکار کے طور پر آپ کو دھوکہ دہی یا بے ایمانی سے کام نہیں لینا چاہیے۔ یا آپ کو ایسا کچھ بھی نہیں کرنا چاہیے جس سے Girlguiding کی بدنامی ہو، یا بدنامی ہونے کا امکان ہو یا جس سے Girlguiding یا اس کی ساکھ پر کوئی منفی اثر پڑے۔

اگر میں اس ضابطے کی پیروی نہیں کروں گا/کروں گی تو کیا ہوگا؟

جب کوئی اس ضابطے کی پیروی نہیں کرتا ہے، تو اسے خلاف ورزی کرنا کہتے ہیں۔ اگر کسی کو لگتا ہے کہ آپ نے اس ضابطے کی خلاف ورزی کرنے والا کوئی کام کیا ہے، تو وہ ہمیں اس کی اطلاع دینے کے حقدار ہیں اور ہم باضابطہ طور پر اس کی تحقیقات کریں گے۔

اگر آپ ضابطے کی خلاف ورزی کرتے ہیں تو بالغ رضاکاروں کے بارے میں خدشات کو مینیج کرنے کی پالیسی کے تحت، آپ کی رکنیت کو محدود کیا جا سکتا ہے یا واپس لیا جا سکتا ہے۔